بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم ط

اداریہ!

الثقافۃ الاسلامیۃ کا چھبیسواں شمارہ پیش خدمت ہے......کوشش کی گئی ہے کہ اس میں صرف وہی مضامین و مقالات شامل کئے جائیں جو بین الاقوامی تحقیق کے بنیادی اصولوں کے مطابق ہوں ......زیرِ نظر شمارہ کے لئے موصول ہونے والے مقالات مجلّہ کی پیئر ریویو کمیٹی Peer review committee کے فاضل اراکین کو ارسال کئے گئے اور ان کی آراء کے مطابق بعض مقالات میں ترامیم و اصلاحات کروائی گئیں............اس ضروری عمل کی تکمیل میں کچھ زیادہ وقت صرف ہوگیا جس کی بنا پر مجلّہ کی طباعت میں تاخیر بھی ہوئی......جن مقالہ نگاران کے مقالہ جات اس شمارے میں شامل نہیں ہو سکے ان سے معذرت کہ ریویو کمیٹی نے ان کی اشاعت کی سفارش نہیں کی......

ہم ایک بار پھر اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ ہماری یہ کوشش رہے گی کہ ہم کوالٹی کے حوالہ سے ایچ ای سی کے قائم کردہ بین الاقوامی معیارِ تحقیق کو ہر صورت برقرار رکھتے ہوئے اپنا سفر جاری رکھیں اور بہتر تحقیقی مواد پیش کرتے رہیں......

مقالہ نگاران سے التماس ہے کہ وہ اپنے مقالہ کی ہارڈ کاپی کے ساتھ ساتھ اس کی سافٹ کاپی اور ایک ڈیڑھ صفحہ پر مشتمل مقالہ کا خلاصہ Abstract انگریزی زبان میں مقالہ کے ساتھ ضرور ارسال فرمائیں......

ہم جناب شیخ الجامعہ (جامعہ کراچی) کے ممنون ہیں کہ حسبِ سابق اس تحقیقی مجلّہ کی اشاعت میں ان کی ذاتی دلچسپی کے باعث اس کی طباعت و اشاعت کے تمام مراحل بحسن و خوبی انجام پائے......

نور احمد شاہتاز

مدیر مرکز الشیخ زاید الاسلامی

و مجلس ادارت مجلّہ الثقافۃ الاسلامیہ